half of its territory and population. We are a unique country that has always been beset with uncertainty, particularly since 1971. Now, after great efforts after 8½ years of Martial Law a very difficult delicate transition was being attempted to civilian rule with many imperfections - granted, that the original parliament was non-party based - granted, that the parliament chose to convert itself into a party based House - granted. I myself have been at the forefront of criticising this unethical conversion of a non-party parliament into a party-based parliament because I said at that time that it would contain the seeds of its own decline and destruction. But what one looks at now is that the very edifice that we ourselves collectively were preparing for the final transition to party-based democracy is suddenly wrenched out from under our feet and we, as I said, are left hanging in outer space with no absolute and substantive legislative power. It constitutes a new degree of uncertainty, it deepens the sense of despair that you find in the Katchi Abadies of the cities of this country and in the villages. Even though people may have never read the Constitution, they may not understand the niceties of the Articles that we have quoted but they understand the substance of what we were trying to do and what we are going to continue to do.

There, Sir, is a question of privilege that will never perhaps find itself in any codified law but it is relevant to determining the admissibility of a motion that bases itself on the devaluation of political activity and on an attack on the credibility of political parties and institutions which, interestingly enough, has been so categorically rejected by the Supreme Court of Pakistan in its ruling whereby it holds that the Political Parties Act is against the fundamental rights given in the Constitution. It unleashes a completely new consideration in determining the validity of any act that was taken before the first of January, 1986 because the Political Parties Act was also one of those laws which were accepted and endorsed by this very Parliament.

Now, Mr. Chairman, interestingly a member of the Caretaker Cabinet has stated on the 8th of July in Lahore that the Government has still not made up its mind about the interpretation of the constitutional requirement for the holding of polls within ninety days of the dissolution of the National Assembly. Mr. Chairman, I find this a very inexplicable statement coming from a member of the federal Cabinet because he goes on to state that :

> " there are varied opinions. The Cabinet has discussed the matter, only *briefly* ".

That obviously shows that the single most important issue facing this country today has received the least amount of time and attention in the Cabinet. I would, of course, advise the honourable Minister not to disclose proceedings of the Cabinet which are supposed to be secret. But, nevertheless, this inadvertent comment reflects upon the consequences of that act of the 29th of May, because if it is so difficult for the Government to find out what Article 224 means in the Constitution then one is entitled to ask : did the Government undertake the same kind of legal consultative exercise before deciding on the act of 29th of May? Were various legal experts consulted, who were these legal experts and what was their opinion—that the act of May 29 was within the letter and spirit of the Constitution?

Doubtless, there are many gifted jurists in this country and I am sure that they will find semantic loopholes within the Constitution. Any Constitution is not a perfect document. It is a man-made document and there will always be possibly

[Mr. Javed Jabbar]

a small loophole through which an attempt may be made to evade the unquestionable import of that Article which categorically states that elections to a new National Assembly and the four provincial Assemblies shall be held within 90 days from the date of dissolution. Even then, despite this, as you well-know, and now we have a word of the federal Minister himself, legal loopholes may be found. But I assure the honourable Minister and I request him and I request his colleagues not to take recourse to small loopholes. Loopholes may give you a little foothold on the doorstep of excuses but loopholes cannot provide any one with an escape from the truth because the truth will never leave us. The truth will always confront us. The truth faces us today—and that truth is that the letter and spirit of this Constitution require the announcement of a date for holding of elections within 90 days from the date of dissolution. Sir forty days, as I said, have already passed and we are now on the last fifty days.

Mr. Chairman, I have a great deal of respect for the consideration, the knowledge that you bring to your office; the rulings that you give. But, Mr. Chairman, may I request you in this particular instance not to give ruling immediately. I may be disrespectful enough to assume that you may have made up your mind about the admissibility of these motions, because sometimes, it has been on the record of this House, in response to privilege motions or adjournment motions which we have moved, whether it is yourself or someone-else presiding in your place, written rulings have been read out, which obviously can not have reference to arguments for admissibility which are submitted only during the meeting of the House and not as part of the original privilege motion.

Mr. Chairman, I am fully confident that you do not necessarily require two days or two hours to make up your mind but I suggest to you that this issue may please be given further consideration. I am not aware of how much time my honourable colleagues will take. But at the conclusion of my submission, I request you to give due investigation and study to the various arguments that I have advanced for the consideration of the concept of privilege and then favour us with your ruling at an appropriate time because the prospects that face this country possibly have never been more grave than at this juncture. Thank you. Mr. Chairman.

جناب چیئرمین : جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب ۔

پروفیسر خورشید احمد : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ۔

جناب چیئرمین ! مجھے اس بات کا پورا احساس ہے کہ ملک اس وقت ایک نازک مرحلے سے گزر رہا ہے ہم نے بڑی مشکل بڑی محنت اور بڑے نازک حالات کا مقابلہ کر کے مارشل لاء کے چنگل سے آزادی حاصل کی تھی اور جمہوری تجربے

کی طرف آگے بڑھے تھے۔ آج پھر جمہوری تجربے کی یہ کشتی ڈانواں ڈول نظر آرہی ہے۔ یہ تمام نزاکتیں میرے سامنے ہیں اس لیئے میں اپنی گزارشات کو آپ کے سامنے تین حصوں میں رکھنا چاہتا ہوں سب سے پہلے میں چند ابتدائی باتیں عرض کرنا چاہتا ہوں پھر میں مسئلے کا دستوری اور قانونی پہلو لوں گا۔ اور اس کے بعد چند سیاسی پہلوؤں کی طرف اشارہ کروں گا۔ یہ بڑی اہم موشن ہے اور غالباً پچھلے تین ساڑھے تین سالہ پارلیمانی تاریخ میں اس سے اہم کسی موشن پر کسی تحریک پر اس ایوان میں گفتگو نہیں ہوئی۔ اس لیئے میں آپ سے بھی اور اپنے ساتھیوں سے بھی یہ توقع رکھوں گا کہ تمام دیگر Considerations سے بالا ہو کر اس کے تمام پہلوؤں کے اوپر غور کریں۔

پہلی بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ چاہے آپ نے اس ایوان کو حکومت اور حزب اختلاف میں تقسیم نہ کیا ہو۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ اس ایوان میں حکومتی جماعت اور حزب اختلاف موجود رہے ہیں، موجود ہیں اور موجود رہیں گے میرا تعلق حزب اختلاف سے ہے اور پہلے دن سے ہم نے ایک تعمیری

[Prof. Khurshid Ahmed]

حزب اختلاف کا کردار ادا کرنے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن یہ بات بہر حال آپ کے سامنے رہنی چاہیئے کہ ہمارا تعلق حزب اختلاف سے تھا اور ہے البتہ یہ تاریخ کی عجیب ستم ظریفی ہے کہ ہم گذشتہ تین سالوں میں خاص طور پر ۱۹۸۶ء سے پارٹی کے وجود میں آنے کے بعد جونیجو حکومت کا احتساب کرتے تھے اگر انہوں نے کوئی صحیح اقدام کیا تو اس کی تعریف بھی کی لیکن بالعموم ان کی گرفت کی ہے ۔ اور تنقید کی ہے ان کا احتساب کیا ہے ۔ لیکن آج ہم اس اقدام کی مخالفت کر رہے ہیں. جو جونیجو حکومت کو برطرف کرنے اور اس کے ساتھ قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں کو توڑنے کا ہے ۔ اور جو ۲۹ مئی کو کیا گیا. ہم جن خیالات کا اظہار کر رہے ہیں ان کا تعلق پارٹی کی سیاست سے نہیں ہم دیکھیں گے کہ جونیجو صاحب کی کیبنٹ کے لوگ ان کی پارٹی کے لوگ ہمارے مسلم لیگی بھائی اس پورے مسئلے کے اوپر کن آراء کا اظہار کرتے ہیں ۔ ہم ان کی آراء کو سننے کے لیئے بے چین ہیں لیکن حزب اختلاف سے وابستہ ہونے کے باوجود جس بات کو ہم حق سمجھتے ہیں اس کا ہم ضرور اظہار کریں گے اور سربراہ

مملکت کے جس اقدام کو ہم غلط سمجھتے ہیں۔ اس کا اظہار ہم ضروری سمجھتے ہیں۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں ۲۹ مئی کو دوسری بار منتخب اسمبلی کو توڑا گیا ہے۔ پہلا واقعہ ۱۹۵۴ء میں ہوا تھا۔ جب اس وقت کے غیر منتخب سربراہِ مملکت نے دستور کو توڑا اور پاکستان میں جمہوریت کے ارتقاء کے راستے کو مسدود کیا ۵۳ء اور ۵۴ء میں جو جمہوریت کش اقدام ہوئے انہوں نے اس ملک کو صحیح سمت میں آگے نہ بڑھنے دیا۔ آج بھی ہم اسی نوعیت کے ایک واقعہ کے اوپر غور کر رہے ہیں۔ ہم نے ماضی سے سبق نہ سیکھا وہی کچھ کیا جس کے کڑوے پھل پچھلے سالوں میں ہم کھاتے رہے ہیں۔

جناب والا! میں یہ بات بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ کہ ہم اس اقدام پر صدر محترم کی اس تقریر کے سائے میں غور کر رہے ہیں جو انہوں نے اسی پارلیمنٹ میں پچھلے اجلاس میں کی تھی۔ اور جس پر vote of thanks کی discussion کم از کم اس ایوان میں ابھی مکمل بھی نہیں ہوئی۔ اور اس تقریر میں کہا گیا تھا کہ سربراہِ مملکت اور سربراہِ ریاست کے تعلقات قابلِ رشک حد تک خوش گوار ہیں۔ مجھے پتہ نہیں کہ اس

قابل رشک کے حقیقی معنی کیا ہیں ۔ لیکن اس کی جو عملی تعبیر ہم دیکھ رہے ہیں ۔ اسے قابل رشک نہیں کہا جا سکتا۔

آیئے جناب والا ! سب سے پہلے ہم اس کے دستوری اور قانونی پہلو کو لیں ۔ میرے محترم بھائی اور دوست جاوید جبار صاحب نے پریویلج کے مسئلے پر آپ کی توجہ مبذول کروائی ہے میں بھی اس امر کی جسارت کروں گا کہ آپ کو ایک بار پھر دعوتِ فکر دوں کہ پریویلج کا موضوع پارلیمانی تاریخ میں ایک بڑا ہی منفرد موضوع ہے ۔ اس میں بڑی وسعت بھی ہے اور اس میں اس بات کا امکان بھی ہے کہ تعبیر کو بہت محدود کر دیا جائے ۔ آپ کو یاد ہو گا کہ پریویلج کی تاریخ یہ ہے کہ پارلیمنٹ نے ایگزیکٹو کے خلاف ایگزیکٹو کے مقابلے میں اپنے تحفظ کی خاطر پریویلج کا راستہ اختیار کیا ہے ۔ یہ تاریخ کی ستم ظریفی ہے کہ چھ سو سال پہلے بادشاہ اور پارلیمنٹ میں کشمکش تھی آج وہ کشمکش پارلیمنٹ اور سربراہِ مملکت میں بادشاہت کے بغیر رونما ہو رہی ہے ۔ مسئلہ وہی ہے اور ایگزیکٹو اور پارلیمنٹ کی اس کشمکش ہی کی تاریخ میں پریویلج کے پورے concept کا

evolution آپ دیکھ سکتے ہیں۔

جناب والا! اس کے پانچ دائرے اہل علم نے بیان کیے ہیں۔ سب سے پہلے وہ پریویلیج جو آئین میں آتے ہیں۔ دوسرے وہ Privileges جو statutes میں آتے ہیں تیسرے وہ Privileges جو Rules of Business میں فراہم کیئے جاتے ہیں۔ چوتھے وہ privileges جن کی بنیاد precedents پر ہے۔ جن کی بنیاد روایات پر ہے، تجربات کے اوپر ہے۔ دوسرے ممالک کے تعاون کے اوپر ہے اور پانچواں وہ پریویلیج ہے جو general principle سے نکالا جاتا ہے۔ جس کے لیئے چاہے کوئی specific قانون اور کوئی specific مثال موجود نہ ہو، precedent موجود نہ ہو۔ جنرل اصولوں سے بھی پریویلیجز نکالے جاتے ہیں اور یہ ارتقاء تقریباً اسی طرح ہوا ہے جس طرح مغربی تاریخ میں کامن لاء کے مقابلے میں equity course کا ارتقاء ہوا ہے اسی طریقے سے پریویلیجز کے اندر بھی یہ وسعت پائی جاتی ہے۔

جناب والا! میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا کہ جناب اگر دنیا کے دساتیر کا مطالعہ کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ مختلف پارلیمنٹس نے مختلف ممالک کے دساتیر اور قوانین نے پریویلیجز کو مختلف

[Prof. Khurshid Ahmed]

انداز میں بیان کیا ہے بالعموم یہ کہا گیا ہے کہ ایوان اور ایوان کے ارکان کو یہ حقوق حاصل ہیں ، جن میں آزادی اظہار رائے ہے ۔ جن میں پارلیمنٹ کی sanctity ہے اس کے precincts کا احترام ہے جن میں پارلیمنٹ کے سیشن کے دوران گرفتاری سے تحفظ وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ کئی ممالک کے قوانین اور statutes دونوں میں ایسی مثالیں بھی ملتی ہیں جن میں پوری پارلیمنٹ کا پریویلج as against privilege of individual members لیا گیا ہے ۔ اور اس میں بڑی وسعت ہے اس لیے کہ بہت سے ممالک کے دساتیر کے اندر ایسی چیزیں ملتی ہیں جن کا اگر آپ کھلے ذہن سے مطالعہ کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ بحثیت مجموعی ہر وہ چیز جو پارلیمنٹ کے وقار کو مجروح کرنے والی ہو ، جو پارلیمنٹ پہ اعتماد کو پارہ پارہ کرنے والی ہو جس کی وجہ سے پارلیمنٹ یا اس کے ارکان کی specific نہیں عمومی insult ہوتی ہو ۔ ان کو بھی پریویلج مانا گیا ہے ۔ میں خاص طور سے آپ کی توجہ ارجنٹائن کے قانون کی طرف دلاؤں گا ۔ جس میں خود کانگریس اور کانگریس کی عزت کو ایک پریویلج مانا گیا ہے ۔ بنگلہ دیش کے دستور

میں بھی ہمیں یہی چیز ملتی ہے۔ کینیڈا کے آئین میں
Contempt of Parliament and invasion of the rights of Parliament as a whole
اور پارلیمنٹ کے ممبرز کے حقوق کو as a whole لیا گیا ہے۔ ہم اور آگے
بڑھتے ہیں، انگلینڈ کے دستور میں ملتا ہے کہ ہر وہ چیز
جس سے پارلیمنٹ اپنا عمل ادا نہ کر سکے اپنا فنکشن ادا نہ کر
سکے یہ بھی اس کے privileges میں شامل ہے German Federal Republic
کے دستور میں بھی ہم کو use of force or threat of force جس سے
پارلیمنٹ اپنے وظائف کو انجام نہ دے سکے، ملتا ہے، ہم
اور آگے بڑھتے ہیں تو کئی ممالک کے اندر یہ چیز ملتی ہے۔
مثال کے طور پر پولینڈ کے دستور میں لکھا ہوا ہے۔

"Bringing Parliament into disrespect in the eyes of the public and undermining the confidence necessary for it to carry on its activities".

یہ ایک ایسی flexibility ہے۔ یعنی جس قسم کے اعتراضات
الزامات اتہامات خواہ وہ لگانے والا کوئی بھی ہو۔ پارلیمنٹ
اور پارلیمنٹ کے ارکان پر عمومی انداز میں لگاتا ہے۔ specific
الزام ایک الگ چیز ہے specific الزام کو specifically identify کیا
جا سکتا ہے defend کیا جا سکتا ہے۔ لیکن پولینڈ کے آئین
میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ محض

"Bringing Parliament into disrespect in the eyes of the public and undermining the confidence necessary for it to carry on its activities."

[Prof. Khurshid Ahmed]

بھی ایک پریویلیج ہے ۔

اسی طریقہ سے کوریا کے آئین میں ملتا ہے کہ

"Insulting the Assembly. creating disorder on the Floor of the Assembly committing acts of violence with the Members within the premises of the Assembly, etc. etc."

ریپبلک آف ویت نام کے آئین میں ملتا ہے کہ ۔

"Injuring, slandering and libeling the honour of Parliament".

اور بے شمار مثالیں میرے پاس موجود ہیں جس سے میں آپ کو یہ بتا سکتا ہوں کہ پریویلج کا جو تصور ہے وہ اتنا زیادہ محدود نہیں ہے جتنا کہ برٹش پارلیمنٹ یا انڈیا کی پارلیمنٹ میں اسے مان لیا گیا ہے ۔ اس تصور کے اندر وسعت موجود ہے اور وہ چیزیں جن کے نتیجے کے طور پر جمہوری ادارے منتخب ادارے بحثیت ادارے کے ، ملک کی پارلیمنٹ بحثیت پارلیمنٹ کے ، اس میں اچھے لوگ بھی ہو سکتے ہیں ، بُرے لوگ بھی ہو سکتے ہیں لیکن مسئلہ افراد کا نہیں ، اداروں کا ہے اور جہاں ان کو in dispute لایا گیا ہو ، ان کی insult کی گئی ہو ، ان کے لیے derogatory الفاظ استعمال کیے گئے ہوں یا ان اداروں کو کام کرنے کے لائق نہ چھوڑا گیا ہو تو دراصل یہ چیز بھی

Violation of the privilege of the Parliament اور contempt of the Parliament

میں آتی ہے ۔ میں اپنی گزارشات کو دراصل اسی وسیع تصور پر لے کر چل رہا ہوں ۔ اور اگر آپ چاہیں تو یہ بتا سکتا ہوں کہ پچھلے پینتیس چالیس سالوں میں اس پر بڑا لٹریچر آیا ہے ۔ جس میں اس وسیع تر تصور کو explore کیا جا رہا ہے بیان کیا جا رہا ہے اور اس کو زیادہ قبولیت حاصل ہو رہی ہے ۔

جناب والا! اس پریولیج کے بارے میں گذارش کرنے کے بعد میں اب اس بات پر آنا چاہتا ہوں کہ میری جو premise ہے پریولیج موشن کے سلسلے میں اس کی بنیاد یہ نہیں ہے جیسا کہ میرے عزیز بھائی نے کہا کہ سینیٹ اس اقدام کے نتیجے کے طور پر orphan ہو گیا ہے، یتیم ہو گیا ہے ۔ مجھے اس سے انکار نہیں کہ یہ بھی ہوا ہے ۔ لیکن جس طرح میں اس کو دیکھ رہا ہوں وہ یہ ہے کہ اس ملک کی پارلیمنٹ ایک organic whole ہے ۔ اور اس دستور کا اگر آپ تنقیدی مطالعہ کریں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ یہ دونوں ایوان اسی طرح ہیں جس طرح جسم انسانی کی دو ٹانگیں ۔ ان دونوں ٹانگوں کے بغیر آپ کے لیے چلنا ممکن نہیں ہے ۔ صرف ایک ٹانگ سے آپ چل نہیں سکتے آپ کو دوسری ٹانگ کی ضرورت ہے ۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

دستور کا پورا structure یہ ہے کہ اس ملک میں اقتدار اللہ کی طرف سے دی ہوئی امانت ہے اور اس امانت کو عوام کے منتخب نمائندے عوام کی مرضی کے مطابق انجام دیں گے Objectives Resolution پر دستور کا پورا structure مبنی ہے۔ اس لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ اس ملک میں ہمیشہ پارلیمنٹ وجود میں رہے۔ اور کوئی وقت ایسا نہ آئے جب کہ یہ elected Houses موجود نہ ہوں۔ اب ان elected Houses کے موجود رکھنے کا structure یہ ہے کہ سینیٹ ایسا ادارہ ہے جسے dissolve نہیں کیا جا سکتا لیکن نیشنل اسمبلی ایک ایسا ادارہ ہے جسے dissolve کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ایسے انداز میں جس کے نتیجے کے طور پر جمہوری نظام کی continuity متاثر نہ ہو اور اگر کوئی ایسا راستہ اختیار کیا جاتا ہے جس کے نتیجے کے طور پر جمہوری اور نمائندہ نظام کی continuity باقی نہیں رہتی تو وہ دراصل اس پورے دستور کا violation ہے۔

جناب والا! یہ ایوان اگر ایک قرارداد پاس کرتا ہے، ریزولیوشن پاس کرتا ہے، ایک قانون پاس کرتا ہے۔

لیکن نیشنل اسمبلی موجود نہیں ہے۔ جس میں اس کی توثیق ہو سکے یا ترمیم ہو سکے تو محض یہ ایوان کوئی قانون سازی نہیں کر سکتا۔ نہ عام لیجسلیشن نہ دستوری قانون سازی۔ ایک ایوان نے اگر کسی بل کو منظور کر لیا ہے اور دوسرے میں وہ پیش نہیں ہوا ہے، وہ lapse ہو جاتا ہے۔ اور اہم ترین مثال آپ کے سامنے نویں ترمیمی بل کی ہے۔ کہ نویں ترمیمی بل کو اس ایوان نے منظور کیا وہ معلق رہا۔ اسمبلی پر صدر محترم نے اپنے خطاب میں الزام لگایا کہ اس حکومت نے اس معاملے میں تساہل سے کام لیا ہے۔ لیکن اسمبلی کے dissolution نے نویں ترمیم کو دفن کر دیا۔ وہ معلق تھا وہ برزخ میں تھا ابھی مرا نہیں تھا۔ لیکن اب اس طریقے سے اسے ختم کر دیا گیا ہے۔ یہ دستوری پوزیشن ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ دونوں ایوانوں کو وجود میں رہنا چاہیئے۔ اور اگر دستور کے تحت کسی وقت ایک ایوان جو dissoluble ہے dissolve ہو تو اس انداز میں dissolve ہو کہ فوری طور پر elected نظام وجود میں آ سکے۔ میں نے جہاں تک مطالعہ کیا ہے جناب والا! یہ پارلیمانی روایت

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے کہ جب ایک پارلیمنٹ کو جمہوری نظام میں dissolve
کیا جاتا ہے اسی وقت نئے انتخاب کا اعلان کیا جاتا ہے۔
یہ دونوں اقدام ساتھ ساتھ ہوتے ہیں۔ سپیکر آف دی
ہاؤس جاری رہتا ہے۔ تا آنکہ نئی اسمبلی آ جائے۔ اس
کے لیئے وقت متعین کیا جاتا ہے۔ کہ چند دنوں کے اندر
اندر یہ کام پورا ہو جائے اور ہمارے دستور میں یہ حد
۹۰ دن کی رکھی گئی ہے۔ اس لیئے آپ یہ دیکھئے کہ
دستور میں خواہ عام حالات میں اسمبلی کی عمر مکمل ہو رہی
ہو تب بھی یہ لازم ہے کہ اس کی عمر ختم ہونے سے ۹۰
دن کے اندر اندر انتخابات ہو جائیں اور اگر صدر اپنی بات
discretion سے اسمبلی dissolve کرتا ہے جب بھی ۹۰ دن کے
اندر اندر انتخابات ہو جائیں۔ کوئی قانون سازی بذریعہ
آرڈیننس نہیں ہو سکتی جس کی عمر چار مہینے سے زیادہ ہو۔
آپ بڑے سے بڑا قانون لے آئیے آرڈیننس کے ذریعے سے،
لیکن وہ infant mortality کی نذر ہو جائیگا۔ اگر اس زمانے میں اسمبلی
وجود میں نہیں آجاتی، budgetary expenditure آپ کو ایک سو بیس

دن سے زیادہ کا allow نہیں کرتے، دوسرے الفاظ میں Constitution کا پورا structure یہ ہے کہ یہ دونوں ادارے موجود رہنے چاہئیں اور اگر کبھی کسی وجہ سے ایک ادارہ dissolve ہو تو پھر فوری طور پر نیا انتخاب ہو جائے تاکہ یہ process منقطع نہ ہونے پائے لیکن جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے ضمانت اس چیز کے اندر تھی کہ جس وقت اسمبلی dissolve ہو اسی وقت نئے انتخاب کی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے اور یہ سارا process ۹۰ دن کے اندر اندر مکمل ہو جائے اگر یہ راستہ اختیار نہیں کیا جاتا اور پھر جن آراء کا اظہار سرکاری اور غیر سرکاری محاذوں سے کیا جا رہا ہے کہ جس میں کبھی آرٹیکل ۲۵۴ کا سہارا لیا جا رہا ہے کہ صاحب دستور میں ایک شق ایسی بھی ہے کہ اگر کوئی کام اپنی متعین مدت کے اندر نہ ہو پائے تو ٹھیک ہے اس کو موخر کیا جا سکتا ہے۔ حالانکہ اس کا کوئی تعلق اس معاملے سے نہیں ہے وہ ایک جنرل کلاز ہے الیکشنز کو دستوری تقاضوں کے تحت نہ کرانے کے لیئے اسے invoke نہیں کیا جا سکتا یہاں یہ بات کہی جا رہی ہے کہ ٹھیک ہے یہ سالوں کا نہیں مہینوں کا مسئلہ ہے دو چار ہفتے اگر آگے بڑھ جاتا ہے تو کیا ہوا دو چار مہینے اگر آگے بڑھ جاتا ہے تو کیا ہوا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے جس دستور کا حلف اٹھایا ہے اور جو ہمارے سیاسی نظام کی بنیاد ہے وہ structure ایسا ہے کہ اس میں منتخب اداروں کا ہر وقت موجود ہونا اور اگر جزوی طور پر وقتی طور پر وہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

dissolve ہوں تو اس process کا وجود میں آ جانا جس کے نتیجے کے طور پر نئی اسمبلی کو وجود میں آنا ہے۔ اگر یہ بیک وقت نہیں ہوتا ہے تو یہ دراصل دستور کی پوری سکیم کو disrupt کرنے کے مترادف ہے۔

جناب والا! اس premise کے بعد میں آپ کی توجہ دستور کی دفعہ ۵۸ کی طرف مبذول کروں گا جس کے تحت یہ اقدام ہوا ہے۔ جناب والا! میں آپ کو یہ بھی یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جس وقت یہ دستوری ترمیم آئی، اکتوبر ۱۹۸۵ میں، اسی ایوان نے اس پر غور کیا، جس شکل میں یہ پاس ہوئی ہے اور جس شکل میں یہ introduce ہوئی تھی دونوں میں بڑا فرق ہے اور آپ اس امر سے واقف ہیں کہ interpretation of statutes کے اصولوں میں سے ایک اصول intent of the legislatures بھی ہے letters of the law کے ساتھ ساتھ وہ background بھی دیکھی جاتی ہے جس میں وہ لیجسلیشن ہوئی ہے۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ جس وقت یہ ترمیم پارلیمنٹ کے سامنے پیش کی گئی تھی۔ تو اس کے الفاظ یہ تھے کہ صدر جب چاہے اپنی discretion میں اسمبلی کو dissolve کر سکتا ہے، پارلیمنٹ نے اس کو اس شکل میں ماننے سے انکار کر دیا۔ دو مہینے تک بحث و مباحثہ ہوا اور اس کے بعد پھر ان الفاظ میں مرتب ہوئی جو اس وقت آپ کے دستور میں پائے جاتے ہیں اس

پس منظر میں میں چاہوں گا۔ کہ آپ اس امر پر غور کریں کہ
بلاشبہ دو راستے اس کے اندر دیئے گئے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

Article 58 (1)—"The President shall dissolve the National Assembly if so advised by the Prime Minister; and the National Assembly shall, unless sooner dissolved, stand dissolved at the expiration of forty-eight hours after the Prime Minister has so advised."

یہاں یہ بات بھی بڑی اہم ہے کہ دستور نے یہ کہہ دیا کہ
اگر وزیراعظم کی advice کے باوجود اسمبلی کو dissolve
نہیں کیا جاتا تو پھر ۴۸ گھنٹے کے اندر آپ سے آپ اسمبلی
dissolve ہو جائے گی۔ دوسری چیز یہ ہے کہ

58 (2) "Notwithstanding anything contained in clause (2) of Article 48, the President may also dissolve the National Assembly in his discretion where, in his opinion—

(a) a vote of no-confidence having been passed against the Prime Minister, no other member of the Assembly is likely to command the confidence of the majority of the members of the National Assembly in accordance with the provision of the Constitution, as ascertained in a session of the National Assembly summoned for the purpose; or

(b) a situation has arisen in which the Government of the Federation cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution and an appeal to the electorate is necessary."

جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ایک absolute discretion
ہوتا ہے اور ایک limited discretion ہوتا ہے دستور کی اس دفعہ میں
ہمیں limited discretion کا تصور ملتا ہے اگر یہ بات ہوتی کہ وہ
اپنی discretion پر جب چاہے dissolve کر سکتا ہے۔ تو یہ
absolute discretion ہوتی، لیکن محض discretion کافی نہیں ہے، discretion

[Prof. Khurshid Ahmed]

کے ساتھ ساتھ ضروری ہے کہ in his opinion دونوں میں سے کوئی ایک صورت بنی ہو۔ اور دونوں چیزیں متعین صورتیں ہیں یہ کوئی elusive, uncertain چیز نہیں ہے ایک بہت واضح شکل یہ ہے کہ ایک Prime Minister vote of confidence lose کر گیا ہے اور کوئی دوسرا شخص confidence حاصل نہیں کر سکا اب فی الحقیقت ایک ایسا constitutional break-down ہے کہ we have to go back to the people, دوسری شکل یہ ہے کہ constitutional machinery fail ہو جائے۔ کہ فیڈرل گورنمنٹ کام نہ کر سکے بالفاظ دیگر absolute discretion نہیں ہے بلکہ discretion کو ان دونوں میں سے کسی ایک سے وابستہ ہونا چاہیئے اور میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ۲۹ مئی کے اقدام میں ان دونوں میں سے کون سی چیز موجود تھی۔

جناب والا! یہاں سے میں transition کروں گا قانون اور دستور سے سیاسی معاملات کی طرف لیکن اس طرف جانے سے پہلے میں ایک بار پھر آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ اس آرٹیکل میں بھی جو بات کہی گئی ہے وہ یہ ہے کہ

> "A situation has arisen in which the Government of the Federation cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution and an appeal to the electorate is necessary."

دوسرے الفاظ میں مسئلہ۔ محض کسی اسمبلی کو dissolve کر دینا

نہیں ہے ، کسی وزیراعظم کو ہٹا دینا نہیں ہے کسی کیبنیٹ کو ڈس مس کر دینا نہیں ہے بلکہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ایسے حالات پیدا ہو گئے ہیں تو عوام سے استصواب کرنا ہے ، عوام سے رائے لینی ہے ، دوسرے الفاظ میں خود ان الفاظ کا تقاضا یہ ہے ان کی سپرٹ یہ ہے کہ اگر کبھی اس پرووژن کی بناء پر صدر قومی اسمبلی کو توڑتا ہے تو اس اقدام کے ساتھ ساتھ نئے الیکشن کی تاریخ کا اعلان بھی کرے یہ دونوں لازم و ملزوم ہیں یہ دونوں inseparable ہیں اس لیئے کہ اصل معاملہ یہ نہیں ہے کہ ایک کابینہ کو بس جب چاہیں ہٹا دیں اور جب چاہیں ایک care taker کابینہ بنا دیں ، یہ اختیار اس دستور نے اس کو نہیں دیا اس دستور نے صرف یہ اختیار دیا ہے کہ اگر constitutional break-down ہو جائے تو پھر وہ دوبارہ الیکشن کروائے اس لیئے میری نگاہ میں اسمبلی کا dissolution اور الیکشن کی تاریخ کا اعلان یہ ایک ہی حقیقت کے دو پہلو ہیں ، اگر ان میں سے ایک کو اختیار کیا جاتا ہے اور دوسرے کو نہیں کیا جاتا تو یہ دراصل دستور کے الفاظ اور اس کی سپرٹ کی خلاف ورزی ہے اور یہ ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرے گا کہ یہ اقدام کیا arbitrarily ہوا ہے کیا malafide ہوا ہے ۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

کیا وجوہ ہیں۔ جس کی بناء پر یہ اقدام کیا جا رہا ہے۔

جناب والا! اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو explanations اسمبلی کو توڑنے اور وزیراعظم اور اس کی کیبنیٹ کو dissolve کرنے کے لیے دی گئی ہیں، میں نے ان کا بار بار مطالعہ کیا ہے، ۲۹ تاریخ کے اعلان کا بھی اور ۳۰ تاریخ کی تقریر کا بھی مطالعہ کیا ہے، مجھے کہیں اس میں یہ الفاظ نہیں ملے جو دستور کہتا ہے کہ

"A situation has arisen in which the Federation cannot be carried on in accordance with the provisions of the Constitution."

یعنی constitutional break-down کی بات نہیں ہے۔ پہلی بات یہ کہی گئی ہے کہ یہ اسمبلی کرپٹ تھی، انہوں نے corruption پھیلائی تھی، پلاٹ لیئے، قرضے معاف کروائے ہیں، رشوت بڑھی ہے، یہ تمام چیزیں بہت ہی بری چیزیں ہیں اور جس کسی نے ان کا ارتکاب کیا ہو اس پر قانون کی مکمل گرفت ہونی چاہیئے اس کو پوری پوری سزا ملنی چاہیئے، چاہے وہ وزیراعظم ہو، چاہے وہ وزیر ہوں چاہے وہ اسمبلی کے ممبران ہوں، چاہے وہ سینیٹرز ہوں،

چاہے وہ چیف منسٹرز ہوں یا کوئی بھی ہوں۔ لیکن جناب والا! یہ بات کہ ملک میں رشوت ہے corruption ہے یا اسمبلی کے لوگوں نے corruption کی ہے اس کے یہ معنیٰ نہیں ہیں کہ constitutional machinery break-down ہوگئی ہے اور اب دستور کے مطابق فیڈریشن کا نظام نہیں چل سکتا اس لیے کہ اس دستور میں اس بات کی پوری گنجائش موجود ہے کہ ایک کے علاوہ کسی دوسرے شخص کو وزیراعظم بنایا جاسکتا ہے، نئی کیبنیٹ بن سکتی ہے vote of confidence لیا جا سکتا ہے لیکن جو scenario create کیا گیا وہ یہ ہے کہ آپ نے مرکزی اسمبلی، مرکزی حکومت، صوبائی اسمبلیاں، صوبائی حکومتوں کو بیک بینی و دوگوش ختم کر دیا اور ابھی اس اعلان کی سیاہی بھی خشک نہ ہوئی تھی کہ اسی نام نہاد corrupt governments میں سے ایک صوبائی گورنمنٹ کے سربراہ کو آپ نے care taker Chief Minister بنا دیا۔ اب وہ چیف منسٹر corrupt تھا یا وہ کیبنیٹ corrupt تھی یا وہ اسمبلی corrupt تھی یہ اس اقدام کے کرنے والوں کو طے کرنا ہے۔ ہم جو کچھ دیکھ رہے ہیں وہ یہ ہے۔ ایک سانس میں آپ کہتے ہیں کہ اسمبلی corrupt ہے یہ گورنمنٹ corrupt ہے یہ کیبنیٹ corrupt

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے پھر آپ اسی کے چیف منسٹر کو کیئر ٹیکر چیف منسٹر بنا دیتے ہیں۔ پھر آپ دو ہفتے اپنی کیئر ٹیکر گورنمنٹ بنانے کے لیئے لیتے ہیں، میں اس طرف الگ سے آؤں گا کہ اس کے تقاضے کیا ہیں مجھے جاوید جبار صاحب سے اتفاق ہے کہ یہ کام بھی ساتھ ہونا چاہیئے تھا لیکن دستور میں اس بات کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ کے نام پر سیمی یا quasi پریذیڈنشل سسٹم نافذ کر دیا جائے۔ صوبوں میں گورنرز رول کی گنجائش ہے لیکن پریذیڈنشل رول کی مرکز میں گنجائش نہیں ہے یہ بھی دستور کی خلاف ورزی ہے۔ لیکن جناب والا! میں ابھی اس پر نہیں آیا ہوں میں ابھی جو بات کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ نے corruption کا چارج لگا کر اس کو ختم کیا لیکن جس کیبنیٹ کو آپ نے ڈس مس کیا تھا ماشاءاللہ آپ کے ۱۷ وزیروں میں سے دس وزیر اسی کیبنیٹ کے گل سرسبد تھے۔ کہاں گئی corruption ۔ کیا وجہ تھی جس کی بنا پر آپ نے یہ اقدام کیا ہے اور کیا فی الحقیقت corruption پائی جاتی ہے اس کے معنی آئین کے break-down کے ہیں اور کیا یہ corruption اور یہ رشوت ۸۵ء سے پہلے نہیں تھی کیا

یہ حقیقت نہیں ہے کہ صدر صاحب نے خود مارشل لاء کے زمانے میں یہ کہا ہے کہ جو کام پہلے پچاس روپے میں ہوتا تھا اب وہ ۵۰۰/ روپے میں ہوتا ہے اگر دس گنا corruption ان کے اعتراف کے مطابق ان کے زمانے میں ہوئی ہے تو پھر اس کی بنیاد پر یہ کہنا کہ آرٹیکل ۵۸ (۲) invoke کیا جا سکتا ہے اور constitutional break-down ہو گیا ہے یہ آئین کے ساتھ ایک مذاق ہے۔ دوسری بات جناب والا! یہ کہی گئی ہے کہ اس ملک میں lawlessness ہے۔ کرائمز بڑھ رہے ہیں۔ بلاشبہ یہ صحیح ہے ایسا ہو رہا ہے اور یہ بڑا غلط ہے ہم سب اس پر چیخ رہے ہیں، آہ و بکا کر رہے ہیں۔ یہ سب کچھ مارشل لاء کے زمانے میں بھی ہوا ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ مارشل لاء کا نام ہی اس قانون کا ہے جس میں اور کچھ ہو نہ ہو کم از کم امن تو حاصل ہوتا ہے لیکن ہمارے مارشل لاء میں جرائم بڑھے، قتل و غارت گری، سبوتاژ، بنک ڈکیتیاں highwaymanship یہ ساری چیزیں یہاں ہوئی ہیں اور وہی سلسلہ اس سول حکومت کے زمانے میں بھی بڑھا لیکن میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کی بنیاد کے اوپر کیا یہ بات کہی جا

[Prof. Khurshid Ahmed]

سکتی ہے کہ ملک کی آئینی مشینری ناکام ہو گئی ہے ۔ فیڈرل گورنمنٹ کے لیے provisions of the Constitution کے مطابق کام کرنا ممکن نہیں رہا ۔ ان دونوں میں کوئی تعلق نہیں ہے اور جناب والا! مجھے آپ بے ادبی کے لیے معاف کریں لیکن سول حکومت کے اوپر جو چارج شیٹ لگائی گئی ہے ۔ میں نئی وزارت کو دیکھ کر یہ کہنا چاہتا ہوں ۔ میرے لیے سب ساتھی بڑے محترم ہیں میرے ان سے ذاتی تعلقات ہیں ۔ لیکن ہم ایک اصولی بات کر رہے ہیں ذاتی بات نہیں کر رہے لیکن یہ ایک عجیب لطیفہ ہے کہ lawlessness Crimes گویا administration اور Interior کا failure ہے ۔ ۱۹۷۸ء سے ۱۹۸۸ء تک جو افراد اس ملک میں Minister of Interior رہے خواہ وہ مارشل لاء کے زمانے میں رہے ہوں یا سول زمانے میں وہ تینوں اس کیبنیٹ کے اندر موجود ہیں ۔ ایک طرف آپ یہ چارج لگاتے ہیں کہ کرائمز بڑھ رہے ہیں Interior Ministry فیل ہو گئی ہے law-lessness موجود ہے اور دوسری طرف وہ سارے افراد جو اس کے ذمہ دار ہیں یعنی Ministers of Interior ان کو آپ نے اس کیبنیٹ میں سجا لیا ہے کیا تعلق ہے دستور کی پرووژن کا اور آپ کی ایڈمنسٹریشن کا ۔

تیسری بات جناب والا! یہ کہی گئی ہے کہ شریعت کے ساتھ، اسلام کے ساتھ اس زمانے میں تساہل اور سہل انگاری سے کام لیا گیا ہے۔ مجھے اس بات سے اتفاق ہے میں آن ریکارڈ اس حکومت پر بھرپور تنقید کرتا رہا ہوں۔ اسلام کے معاملے میں اس کے دوغلے پن اس کی کمزوری اس کے تساہل پر ـــــ لیکن معاف کیجئے گا جہاں تک دستور کا تعلق ہے اس معاملے میں ان کی جو کوتاہی ہے اس سے کوئی constitutional break-down نہیں ہوا ہے۔ اور پھر یہ بھی دلچسپ بات ہے آپ نے کہا کہ اسمبلی نواں ترمیمی بل پاس نہ کر سکی لیکن جیسا میں نے عرض کیا کہ آپ کے اقدام کی وجہ سے تو وہ نواں ترمیمی بل قتل ہو گیا۔ آپ نے کہا کہ شریعت بل کا راستہ روکا گیا۔ لیکن پھر مجھے معاف رکھا جائے اگر میں کہوں کہ ماشاءاللہ جو وزیر عدل و پارلیمانی آفیئرز نہ اس سول حکومت میں تھے۔ جو شریعت بل کا راستہ روکے ہوئے تھے نئی کیبنٹ میں بھی وہی اس اہم مقام پر پائے جاتے ہیں۔

آپ ایک شریعت آرڈیننس لائے ہیں مجھے اس پر الگ سے بات کرنے کا موقع ملے گا اب ٹائم نہیں ہے کہ میں تفصیل سے بات کروں۔ لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ شریعت کے نام پر جو مذاق اس آرڈیننس کی شکل میں کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد اس پرائیویٹ شریعت بل کو ہائی جیک کرنا، سبوتاژ کرنا،

[Prof. Khurshid Ahmed]

ineffective بنانا ہے جو اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے اور جس پر ہم نے تین سال صرف کیے ہیں ۔ اس کے سوا اس کا کوئی مقصد نہیں ہے اس آرڈیننس سے اس صورت میں سرمو بھی improvement نہیں ہوئی ہے جو اس آرڈیننس کے بغیر موجود تھی ۔ بلکہ چند چیزیں ایسی ہیں جس میں ہمارے قدم پیچھے گئے ہیں اور اس ملک کی عدالتوں خصوصیت سے کراچی کی ہائیکورٹ اور پنجاب کی ہائیکورٹ نے جسٹس تنزیل الرحمن کے تین ججمنٹس جو دیئے ہیں ۔ ان کی روشنی میں آرٹیکل 2(A) کی بنیاد پر عدالتوں نے اپنے لیے کام کا ایک نیا راستہ کھولا تھا اور وہ راستہ اس حیثیت سے اہم تھا کہ وہ قرآن و سنت کی بنیاد پر قانون ہی نہیں معاہدات ، ایگزیکٹو آرڈرز کو بھی ایگزامن کر رہے تھے جو فیڈرل شریعت کورٹ کے دائرے سے باہر ہیں اور صرف یہی نہیں کہ وہ قانون کو کالعدم قرار دے رہے ہیں بلکہ وہ اس کے نتیجے کے طور پر injunctions اور relief دونوں فراہم کر رہے تھے جو پہلے حاصل نہیں تھا ۔ اب جو کچھ آپ نے کیا ہے اس کے بعد عدالتوں کے لیے یہ چیز مشکل ہو جائے گی اس لیے کہ آپ نے ایک نئی jurisdiction create کر دی ہے اور اس میں جو راستہ اختیار کیا ہے

وہ یہ ہے کہ انشاءاللہ ہر فیصلہ جو ہے وہ آٹھ آٹھ نو نو سال لٹکا رہے گا۔ اس طرح اسلام کو پھر آپ نے اسی طرح معرض تعویق میں ڈال دیا ہے جس طرح ماضی میں ڈالا تھا۔ اور یہ بھی میں ان کو یاد دلاؤں۔ سپریم کورٹ میں فیڈرل شریعت کورٹ کی ججمنٹ کے خلاف جو اپیلیں دائر ہیں ان میں سے بیشتر وہ ہیں جو ۱۹۸۵ء سے پہلے دائر کی گئی ہیں۔ ان میں وہ بھی ہیں جن کو وہاں ۷ سال ہو گئے ہیں۔ وہ بھی ہیں جن کو پانچ اور چھ سال ہو گئے ہیں اور ایسے ایسے اہم مسائل پر ہیں جن میں قصاص و دیت کا مسئلہ ہے جن میں compounding issues ہیں جن میں پرلیس اینڈ پبلی کیشنز آرڈی نینس ہے ان سب پر آپ اپیل میں گئے ہیں اور وہ کیسز وہاں پر لٹکے ہوئے ہیں۔

جناب والا! شریعت کا نام آپ نے ضرور لیا ہے لیکن مجھے معاف کریں اگر میں یہ کہوں ؎

گلہ جفا وفا نما جو حرم کو اہل حرم سے ہے

جو کسی بتکدے میں بیاں کروں تو صنم بھی کہے ہری ہری

آپ نے شریعت کا سہارا ضرور لیا ہے لیکن وہ کوئی jurisdiction فراہم نہیں کرتا اس اقدام کے لیئے جو یہاں کیا گیا ہے۔ آپ سیاسی

[Prof. Khurshid Ahmed]

تجزیہ کریں تو آپ یہ پائیں گے۔ دستور نے جس نوعیت کے حالات میں صدر کو یہ اختیار دیا تھا کہ وہ اسمبلی کو dissolve کر سکے اور جو explanations دی گئی ہیں جو سہارا لیا گیا ہے۔ ان دونوں میں کوئی مطابقت نہیں ہے اور دوسری چیز یہ کہ اس کے ساتھ ساتھ الیکشن کا اعلان نہیں کیا گیا جو اس شبہ کو جنم دیتا ہے کہ یہ سارا کھیل ایک بار پھر جمہوریت کی گاڑی کو جو کسی نہ کسی طرح لشتم پشتم چلنی شروع ہو گئی تھی پٹڑی سے اتارنے کے لیئے کیا گیا ہے۔ اور وہ افراد جو اس ملک میں فی الحقیقت عوام کی حکمرانی نہیں چاہتے اپنی من مانی کرنا چاہتے ہیں اگرچہ اب دستور کے تحت کسی کے لیئے من مانی کا امکان نہیں ہے لیکن مجھے ڈر ہے کہ اگر آئندہ اس دستور سے کھیلا گیا اور ۹۰ دن کے اندر انتخاب نہ کرائے گئے تو پھر خدا نخواستہ اس دستور ہی کی جان پر بن جائیگی اور خدا کرے کہ وہ دن کبھی نہ آئے اس لیئے کہ اس ملک میں خدا نخواستہ اس دستور کو آپ نے توڑ دیا تو اس کے بعد مجھے شبہ ہے کہ آپ پھر کبھی دستور نہیں بنا سکیں گے اس لیئے خدارا اس نزاکت کو محسوس کیجیئے۔ دستور سے، قانون سے، یہ کھیل ختم کیجیئے۔ سیاست کرنے کا حق ہمیں بھی ہے۔ آپ کو بھی ہے لیکن

کچھ ضابطے ہیں، کچھ اصول ہیں، ان کے مطابق کام کیجئے اور اگر ان اصولوں اور ضابطوں کا احترام آپ نے نہ کیا تو آپ کا انجام بھی تاریخ کے ان افراد سے مختلف نہیں ہو گا جنہوں نے اپنے اپنے دور میں اپنے آپ کو بڑا مضبوط سمجھ کر، عقل کل سمجھ کر اس قسم کے کھیل رچائے ہیں اور پھر خود بھی تباہ ہوئے ہیں اور ملکوں کو بھی تباہ کیا ہے۔ ہماری تاریخ بدقسمتی سے عباسی دور سے لیکر آجتک بونا پارٹ ازم اور اس نوعیت کے فتنوں اور اس نوعیت کی کشمکش سے بھری پڑی ہے۔ کاش کہ ہم اس سے کوئی سبق سیکھیں۔

جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ خواہ آپ دستور کے اعتبار سے لیں خواہ آپ قانون کی نگاہ سے دیکھیں خواہ آپ ملک کی سیاست کے اعتبار سے لیں، آپ یہ پائیں گے کہ یہ اقدام ایک malafide اقدام ہے۔ اس کے لیے کوئی justification دستور کے اندر نہیں ہے۔ اس کے نتیجے میں اس ملک کی پارلیمنٹ کو بدنام کیا گیا ہے۔ اس کے نتیجے میں پارلیمنٹ کے تمام ارکان کو بلا استثناء، بلا تمیز اس کے کس کا دامن پاک ہے اور کس کا دامن پاک نہیں ہے سب پر الزام لگایا گیا ہے میں پھر یہ بات

[Prof. Khurshid Ahmed]

کہتا ہوں کہ جس کسی نے رشوت لی ہے corruption کا شکار ہوا ہے ناجائز پلاٹ لیئے ہیں اور بیچے ہیں اس ملک کے قانون کے تحت اس کے خلاف اقدام کیجیئے اور یہ قوم اسے welcome کرے گی ۔ یہ پارلیمنٹ اس کو welcome کرے گی ۔ لیکن ان چیزوں کا سہارا لیکر پوری پارلیمنٹ کو بدنام کرنا ، جمہوری اداروں کو بدنام کرنا اور پوری اس جمہوری تحریک کو بدنام کرنا اور پٹڑی سے آتار دینا بڑا ظلم ہے یہ بڑی زیادتی ہے اس کے بڑے خطرناک نتائج نکلیں گے ۔ ہمیں آنکھیں کھولنی چاہئیں اور ان خطرات کو دیکھنا چاہیئے اور پھر یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ کس طرح ہم اس دستور کو بچا لیں ۔ دستور کے مطابق الیکشن کروالیں اور یہ اس پارلیمنٹ کی بھی ذمہ داری ہے اور اس ایوان کی بھی ذمہ داری ہے ۔

جناب والا ! آج جب کہ سینیٹ باقی رہ گیا ہے جہاں ہم یہ بات کہہ سکتے ہیں اور سینیٹ کا فرض اور اس کی ذمہ داری ہے کہ اس چیز کا نوٹس لے تاکہ آپ اس دستور، ملک کی پارلیمنٹ اور اس جمہوری تحریک کو جو یہاں ابھری ہے بچا سکیں اور راستے پر ڈال سکیں ۔ اس لیئے میں سمجھتا ہوں کہ ایک

طرف ہمیں اس امر کو واشگاف الفاظ میں کہنا چاہیئے کہ یہ اقدام دستور کے الفاظ کی سپرٹ کے خلاف ہے ۔ اور جو explanations دیئے گئے ہیں ۔ ان کے مطابق انہوں نے پارلیمنٹ کو disrepute کیا ہے ۔ پارلیمنٹ کی as an elected institution ہتک ہوئی ہے ۔ اس کی عزت کے ساتھ کھیلا گیا ہے جس کی اجازت کسی کو نہیں ہے ۔ جس طرح یہ اجازت کسی کو نہیں ہے کہ وہ فوج کی عزت کے ساتھ کھیلے چند افراد کی غلطیوں کی وجہ سے ، اسی طرح کسی کو یہ حق بھی نہیں ہے کہ چند افراد کی غلطی کی بنا پر Parliament as an institution, Assembly as an institution, democracy as an institution پر وہ اس قسم کے الزامات ان پر لگائے ، اور بلا ثبوت کے لگائے یہ درست نہیں ہے ۔ اگر آپ کے پاس ثبوت ہے تو میدان میں آیئے ۔ ان لوگوں کو prosecute کیجیئے اور اگر آپ کے پاس ثبوت نہیں ہے تو آپ کو حق نہیں ہے کہ آپ لوگوں کی عزت کے ساتھ کھیلیں ۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اسلام میں قذف کا ایک قانون ہے ۔ اور قذف کے قانون کے معنی یہ ہیں کہ اگر آپ کسی شخص کی آبرو اور عزت پر حملہ کرتے ہیں اور آپ کے پاس شہادت ہے تو یہ ثابت کیجیے اور اگر ثابت نہیں کر سکتے ہیں تو وہی سزا آپ کو دی جائے گی ۔ وہ ۸۰ کوڑے آپ کی کمر پر لگیں گے اگر آپ نے جھوٹا الزام لگایا ۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا! میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وہ وقت ہے کہ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ کیا ہم اس وقت، وقت کی we are on trial ضرورت کو پورا کر سکیں گے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ۔ میرے خیال میں اس بحث کو اگلے دن بھی continue کرنا پڑے گا۔ کیونکہ مضمون کچھ ایسا ہے کہ بہت سے دوسرے حضرات بھی اس پر اظہار خیال کرنا چاہیں گے۔ اسوقت چونکہ وقت ختم ہو رہا ہے۔ جیسے میں نے آپ حضرات سے عرض کیا تھا کہ صدر صاحب کی دعوت کا بھی لحاظ رکھنا ہے۔ تو اس سیشن کو اس وقت......

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, before you adjourn the session may I make a request Sir.

Mr. Chairman : Please.

Mr. Ahmed Mian Soomro : Sir, you were pleased to kill my adjournment motion in the Chamber. I have all the respect for your decision but I have requested the Finance Minister, since he is allowing Industrialists, Presidents of Chambers of Commerce and Industries and all types of people to express their grievances, he may give this Senate an opportunity, since there is no National Assembly, to discuss the budget and we may be able to give him good suggestions which he may accept. So, I would through you......

Mr. Chairman : The Finance Minister and the Senator can meet outside the House and discuss anything under the sun. But I can not allow anything which the Constitution debars from being discussed in this House.

Prof. Khurshid Ahmed : Mr. Chairman, while we are on this point, may I at least remind the Finance Minister that it has been a tradition in the past that budget documents had always been placed on the Table although we had not discussed it. But this has been a tradition that we had always received budget documents in the Senate.

Mr. Chairman : You are correct there. So, this session is adjourned to meet tomorrow at 5-45 p.m. as a Private Members Day.

[*The House adjourned to meet again at* 5-45 *p.m. on Sunday, July* 10, 1988].

PCPPK–Litho/1123/88-89/Senate–26-1-92.—300 Books.